علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ شریعہ، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کرکے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: ملکیت اراضی، مزارعت، مساقات اور شفعہ کا اسلامی قانون (2967) سمسٹر: بہار، 2026ء

سطح: بی ایس (علوم اسلامیہ)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1) تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2) سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیں۔
3) ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4) ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5) مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔
6) آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7) غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ:1تا4)

سوال نمبر1۔ عہدِ نبوی ﷺ میں زراعت، حیوانات کی پرورش اور نظامِ آبپاشی کے فروغ کے لیے کون سی عملی اصلاحات کی گئیں؟ (20)

سوال نمبر2۔ عالمین پیدائش میں زمین کو اوّلین درجہ کیوں حاصل ہے؟ قرآن مجید کی آیات کی روشنی میں واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ زمین کی انفرادی ملکیت کے خلاف پیش کیے جانے والے شبہات کیا ہیں، اور ان کے جوابات کیسے دیے گئے ہیں؟ (20)

سوال نمبر4۔ بنجر زمین کی آبادکاری کے لیے آبادکار اور زمین سے متعلق کون سی بنیادی شرائط مقرر کی گئی ہیں، اور امام کی اجازت کے بارے میں فقہی مذاہب کا کیا اختلاف ہے؟ (20)

سوال نمبر5۔ قدرتی چراگاہوں اور جنگلات کی شرعی حیثیت کیا ہے، نیز بتائیں کہ عام لوگوں اور حکومت کے حقوق واختیارات کن حدود میں متعین کیے گئے ہیں؟ واضح کریں۔ (20)

کل نمبر:100　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ:5تا9)

سوال نمبر1۔ امام اعظم ابو حنیفہؒ، امام ابو یوسفؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک مزارعت کے جواز یا عدم جواز کے بارے میں کیا آراء پائی جاتی ہیں؟ (20)

سوال نمبر2۔ عقدِ مساقات کے ارکان اور شرائط کیا ہیں، اور محلِ مساقات (درخت)، عمل، پھل اور عاقدین کے بارے میں فقہی مذاہب کے مابین کن اہم اختلافات کا ذکر کیا گیا ہے؟ (20)

سوال نمبر3۔ حقِ شفعہ کی ضرورت اور اہمیت کیا ہے، اور یہ کس طرح معاشرتی امن، ہم آہنگی اور جائیدادی تنازعات کے سدِّباب کا ذریعہ بنتا ہے؟ (20)

سوال نمبر4۔ طلبِ شفعہ کے تین مراحل کیا ہیں؟ ہر مرحلے کی تعریف، شرائط اور اہمیت بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ شفیع مشفوعہ جائیداد کا مالک کب اور کیسے بنتا ہے؟ عدالتی فیصلے اور باہمی رضامندی کی صورتوں میں ملکیت کے حصول کے احکام بیان کریں۔ (20)